# یہ چند جملے بچوں کی زندگی بدل سکتے ہیں



راضیہ سید

کہا جاتا ہے کہ بچوں کی شخصیت کے بننے میں ابتدائی پانچ سال نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، کیونکہ عمر کے اس دورانیے میں بچے کا ذہن ایک سادہ سلیٹ کی مانند ہوتا ہے اور اس پر جو لکھا جائے وہ تاعمر بچوں کو یاد رہتا ہے۔ حوصلہ افزا جملے بچوں کی شخصیت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ہماری روزمرہ باتوں میں کچھ جملے ایسے ضرور ہوتے ہیں جنہیں کئی لوگ بے شک کتابی باتیں کہتے رہیں لیکن درحقیقت وہ جملے ہمیں حوصلہ بھی دیتے ہیں اور ہماری دل شکنی کا باعث بھی بنتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ لفظ جادوگر ہوتے ہیں تو غلط نہ ہوگا۔ الفاظ کسی کی زندگی میں طلسماتی انداز سے بدلاؤ لا سکتے ہیں اور انھیں کامیاب بنا سکتے ہیں۔

ویسے تو ہر انسان اپنی زبان کے پیچھے ہی چھپا ہے، لیکن خاص طور پر بچوں سے بات کرتے وقت خوبصورت اور اچھے الفاظ کا چناؤ بہت ضروری ہے، کیونکہ الفاظ بچوں کے دل میں اتر جاتے ہیں اور وہ انھیں یاد بھی رکھتے ہیں۔ اس لیے والدین کیلیے چند اچھے جملے سیکھنا ضروری ہے تاکہ بچوں کو ان کی اہمیت کا احساس دلایا جاسکے۔

### ہمیں تم سے بہت محبت ہے

بچوں کو روزانہ کی بنیاد پر یہ جملہ کہیں کہ آپ ان سے محبت کرتے ہیں۔ اس طرح انھیں بچپن سے ہی انسانی زندگی میں محبت کی اہمیت کا اندازہ ہوگا۔ انھیں معلوم ہوگا کہ محبت انسان کی زندگی میں بنیادی احتیاج ہے اور اس کے بغیر انسان کا وجود ہی بے کار ہے۔

### تم میرے لیے باعث فخر ہو

بچوں کو یہ بتانا ضروری ہے کہ صرف اپنی کامیابی منانا ہی ضروری نہیں بلکہ اہم چیز دوسروں کی خوشی میں خوش ہونا بھی ہے۔ بچوں کے چھوٹے چھوٹے کاموں کو سراہیں، ان کی تعریف کریں اور ان پر فخر کریں۔

### تم جیسے ہو مجھے ویسے پسند ہو

اس دنیا میں ہر فرد دوسرے سے مختلف ہے اور یہی اس زندگی کا حسن ہے۔ ہر بچے میں مختلف صلاحیتیں ہیں، بطور والدین آپ کا کام یہ ہے کہ آپ ان خصوصیات کو سمجھیں اور بچوں کو اس حساب سے توجہ دیں۔ بچے جس طرح کے بھی ہوں ان کو اسی طرح سے قبول کیا جائے، یعنی اگر وہ مصور ہیں یا ادیب ہیں تو ان کی اسی طرح سے حوصلہ افزائی کریں، بچوں کو ان کی خوبیوں اور خامیوں سمیت قبول کریں تو بچوں میں ایک خاص احساس اجاگر ہوگا، بچے خود پر فخر کریں گے اور دوسروں کی نقالی سے بچیں گے۔

### ہم سب غلطیوں سے سیکھتے ہیں

اکثر اوقات بڑوں کی طرح بچوں سے بھی بہت سی غلطیاں ہوجاتی ہیں۔ بچے بہت شرمساری محسوس کرتے ہیں اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگ جاتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں بچوں کو حوصلہ دیں اور بتائیں کہ ہم سب انسان ہیں اس لیے ہم سب سے غلطیاں ہوں گی اور غلطیاں کر کے ہم سیکھیں گے اور آگے بڑھیں گے۔ اس جملے سے بچے مثبت رویے سیکھ لیں گے۔

### ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہونا چاہیے

بچوں کے سامنے دعا مانگنا، عبادات میں شمولیت انھیں بھی ایک اچھا اور شکر گزار انسان بنا سکتی ہے، جبکہ ان کے سامنے ہر وقت ناشکری کے کلمات ادا کرنا انھیں زندگی سے مایوس کر دیتا ہے۔

### تم کر سکتے ہو

ہر بچہ مختلف خوبیوں کا مالک ہے، اس لیے کسی بھی بچے کا دوسرے بچے سے تقابل نہ کریں، نہ ہی انھیں اپنے مطابق چلائیں۔ والدین کا فرض یہ ہے کہ وہ بچوں کو ان کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں مدد دیں اور ان کی تربیت ان کے مطابق کریں۔

### دوسروں کی مدد کرنا اچھی بات ہے

بچوں کو ہمیشہ دوسروں کی مدد کرنا سکھائیں۔ انھیں یہ بتائیں کہ ہم سب معاشرتی حیوان ہیں، ہم الگ تھلگ اور تنہا نہیں رہ سکتے بلکہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر رہنا ہوگا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے، ان کے کام آنا چاہیے۔

### ہر نیا دن اہم ہے

ہم سب کی زندگی میں اچھے برے دن آتے ہیں لیکن زندگی میں ہمیں جینا تو پڑتا ہے۔ بچوں کو یہ بتائیں کہ زندگی کا ہر دن اہم ہے، کبھی کچھ اچھا ہوگا، کبھی برا بھی ہوگا تو ناکامی پر کبھی دل نہیں ہارنا اور کامیابی پر اترانا نہیں۔ بچوں کیلیے یہ سبق بھی بہت اہم ہے۔

### میں تمھارے لیے ہر لمحہ موجود ہوں

آج کل کے سوشل میڈیا کے دور میں ہم سب بہت اکیلے ہو چکے ہیں۔ بچے بھی دن رات موبائل سے چپکے ہوئے رہتے ہیں۔ ایک انجانا سا خوف ہمیشہ کئی والدین کے دلوں میں ڈیرا ڈالے رہتا ہے۔ بچوں کو بتائیے کہ میں ہر لمحہ تمھارے لیے موجود ہوں چاہے کسی بھی قسم کے حالات ہوں، کوئی بھی مشکل ہو تم اپنے آپ کو تنہا مت سمجھو اور جو بھی مسئلہ ہے وہ مجھ سے کہو۔ اس سے بچوں میں خوف کم ہوتا ہے کیونکہ بچوں کیلیے والدین سے اچھا دوست کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔ لہٰذا بچوں کو اپنے ساتھ کا ہمہ وقت یقین دلائیں اور انھیں زندگی میں کامیاب بننے کیلیے سازگار راہ فراہم کریں۔

یہ جادوئی جملے بچوں میں حوصلہ پیدا کریں گے اور ان کی زندگی میں بہت اہم کردار ادا کریں گے۔


# آنکھوں کی لیزر سرجری اور ابہام

تحریر---- ڈاکٹر میشال نذیر

میں آٹھویں جماعت میں تھی، جب مجھے نظر کی عینک لگی۔ میں اپنی فیملی میں پہلی تھی جس کی نظر کمزور ہوئی، تو یقین دلانا دشوار ہوگیا تھا کہ مجھے دھندلا دکھائی دے رہا ہے۔ سب کو مذاق لگا۔ جب ڈاکٹر سے چیک اپ ہوا تو سب کو یقین آیا۔ اس کے بعد امی نے کوئی آٹھ، دس ڈرائی فروٹس کا مکسچر بنا کر تقریباً دس سال تک کھلایا، مگر نظر ہر بار چیک اپ پر مزید کمزور ہی ہوئی۔ مچھلی، بادام، سونف اور گاجر کا جوس الگ سے میری غذا میں اب تک زبردستی شامل ہیں، مگر نظر میں کوئی فرق نہیں آیا۔

مختلف ذرائع سے کافی سنا کہ مختلف قسم کے طریقہ علاج سے نظر کی کمزوری کو دور کیا جا سکتا ہے، مگر آپریشن کا نام سنتے ہی ڈر لگتا ہے، تو ایسی باتیں سننے کی حد تک ہی اکتفا کیا۔ کچھ عرصے پہلے لاسک (LASIK) یعنی لیزر اسسٹڈ ان سیچو کیریٹومیلیسز کے بارے میں سنا کہ اس کے استعمال سے عینک سے نجات ممکن ہے۔ اس کے بارے میں براہ راست کسی کا تجربہ مشاہدے میں نہیں آیا، اس لیے اس کا خیال ترک ہی کرنا پڑا۔ جو لوگ عینک لگاتے ہیں ان کو اس چیز کا پتہ ہوگا کہ عینک لگنے سے پہلے ان کی نظر کافی کلیئر تھی، مگر عینک لگنے کے بعد اس میں دھندلاہٹ آجاتی ہے، جس کی وجہ عینک پر زیادہ منحصر ہونا ہے۔ اس لیے کہیں بھی جانا ہو، ایکسٹرا عینک بہت ہی ضروری ہے کہ اگر ایک ٹوٹ جائے تو مسئلہ نہ ہو۔

پچھلے سال میری ایک دوست نے لاسک کروایا۔ وہ اسپتال اور ڈاکٹر دونوں سے مطمئن تھی، اور اس کی کامیاب سرجری کے بعد میں نے بھی لاسک کروانے کا فیصلہ کیا۔ یہ تحریر ان لوگوں کیلیے بہت مفید ثابت ہوگی، جو عینک سے تنگ ہیں اور اس سے چھٹکارا پانا چاہتے ہیں۔ لیکن لاسک کے بارے میں شکوک وشبہات کا شکار ہیں، تو یہ پڑھنے کے بعد ان کو فیصلہ کرنے میں آسانی ہوگی۔



لاسک بیسویں صدی کے ٹاپ آٹھ میڈیکل طریقہ علاج میں سے ایک ہے، جو کہ انسانی زندگی کو بہتر کرنے میں شامل ہے۔ لاسک کو عام طور پر لیزر آئی سرجری یا لیزر ویژن کریکشن کہا جاتا ہے۔ اس کے ذریعے سے آنکھوں کی قریب نظری، بعید نظری، اور ایسٹگمیٹزم کی درستگی کیلیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس میں ریٹینا کی شیپ کو درست کیا جاتا ہے۔ لاسک کی اور بھی بہت ساری اقسام ہیں، جو کہ آنکھوں کی مختلف بیماریوں کیلیے استعمال کی جاتی ہیں۔ ایک سروے کے مطابق ہر **4** میں سے **1** پاکستانی یعنی **23** فیصد آبادی نظر کی کمزوری کے باعث عینک کا استعمال کرتی ہے، اور اس حوالے سے مرد وعورت میں ایک جیسا تناسب ہے۔

لاسک کیلیے عمومی عمر **20** سے **40** سال ہے۔ ایف ڈی اے سے **18** سال کی عمر منظور شدہ ہے، مگر **20** سال کی عمر کا انتظار کریں، وہ زیادہ ٹھیک ہے۔ لاسک کروانے کیلیے سب سے پہلے ٹوپوگرافی کی جاتی ہے۔ اس ٹیسٹ سے آنکھ کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ڈاکٹر آنکھ کے تفصیلی چیک اپ، ٹوپوگرافی اور کچھ سوال وجواب کے بعد فیصلہ کرتا ہے کہ لاسک ممکن ہے یا نہیں۔ لاسک سب کیلیے موزوں نہیں ہے، اس لیے اچھے اسپتال اور اچھے ڈاکٹر کا انتخاب بہت ضروری ہے۔ اگر لاسک ممکن ہو تو ڈاکٹر آپ کو سرجری کیلیے وقت دے دیتا ہے۔ یہ سرجری مشکل سے **10** منٹ کی ہوتی ہے۔ اس میں سب سے اہم لیزر لائٹ پر فوکس رکھنا ہے۔ جتنا اچھا فوکس کریں گے، اتنا ہی اچھا ہوگا، ورنہ بعد میں کچھ پوائنٹ کا چشمہ لگ سکتا ہے۔ سرجری کے بعد آپ کو وہیں پر آنکھیں بند کر کے تھوڑی دیر رکنا ہوگا، اس دوران آنکھوں سے پانی آتا ہے جو کہ نارمل ہے۔ میری آنکھوں سے ایک قطرہ بھی نہیں گرا، مجھ سے پہلے ایک لڑکے کی سرجری ہوئی تھی، اس کا بہت زیادہ پانی آیا تھا۔ میری بہن میرے ساتھ تھی، اس نے کہا کہ تمھارے آنسو کیوں نہیں آرہے؟ جب ڈاکٹر نے چیک کیا تو سب ٹھیک تھا۔ ڈاکٹر نے بتایا کہ آنکھ جتنی کمزور ہوگی، اتنا زیادہ پانی سرجری کے بعد آتا ہے۔ اس وقت مجھے امی کے کھلائے گئے میووں کی اہمیت کا اندازہ ہوا کہ یہ کتنے ضروری ہیں آپ کی آنکھ کی مضبوطی کیلیے۔ اس لیے ڈرائی فروٹس کو اپنی روزمرہ غذا میں لازمی شامل رکھیں۔

سرجری کے کوئی ایک گھنٹے بعد ڈاکٹر آپ کا معائنہ کرے گا اور سب ٹھیک کی رپورٹ کے بعد آپ گھر جاسکتے ہیں۔ اگلے دن آپ کو نارمل چیک اپ کیلیے بلایا جائے گا، اور اس کے مطابق ڈاکٹر آپ کو آگے کیلیے بتائے گا۔ میرے کیس میں سرجری ٹھیک رہی، تو مجھے اسی دن لیپ ٹاپ استعمال کرنے کی اجازت بھی مل گئی۔ موبائل کا استعمال **2** ہفتے تک منع تھا، کچن میں جانا، پڑھنا، پڑھانا، غرض ہر کام کر سکتی تھی۔ اس سرجری میں ایک دن ہی لگتا ہے، اس کے بعد آپ اپنا کام جاری رکھ سکتے ہیں۔ اینٹی بیکٹیریل اور اینٹی فنگس کے ڈراپس آپ کو ریگولر **10** دن تک ستعمال کرنے ہیں، اور اگر مزید ضرورت رہی تو ڈاکٹر آپ کو بتادے گا۔

جن کی فیملی میں آنکھوں کی بیماریاں ہیں اور جن لوگوں کو آنکھوں کو خوب مسلنے کی عادت ہے، لاسک ان لوگوں کے لیے نہیں ہے۔ لاسک کے بھی بہت سارے سائیڈ افیکٹس ہیں، جن میں آنکھوں کا خشک ہونا، ریگریشن، فلیپ کے مسائل، ڈبل ویژن، نظر کا نقصان، یا تبدیل ہونا شامل ہیں۔ ان سب سے بچاؤ تبھی ممکن ہے، اگر ڈاکٹر آپ کو ٹھیک سے مشورہ دے، کیوں کہ یہ سرجری سب کیلیے نہیں ہے۔ ہم **4** دوستوں نے ٹوپوگرافی کروائی تھی، جس میں سے دو کی ہی سرجری ہوئی۔ ٹوپوگرافی کے بعد ڈاکٹر نے دو دوستوں کو لاسک نہ کروانے کا مشورہ دیا۔ ان دونوں نے کافی زور دیا کہ آپ کر دیں سرجری، جو ہوا ہم اس کے ذمہ دار ہیں۔ مگر ڈاکٹر نے کہا کہ یہ اس پیشے کی اخلاقیات کے خلاف ہے کہ میں پیسے لے کر آپ کا نقصان کروں، اور کسی دوسرے ڈاکٹر سے بھی نہیں کرواتا، کیوں کہ اس سے آنکھ کو مستقل نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ اس لیے اچھے ڈاکٹر سے ہی لاسک کروائیں۔

☆☆☆☆☆

